روزنامہ ''نئی بات'' کراچی (06) 08 اپریل 2021ء

UIC PAKISTAN

# دی یونائیٹڈ انشورنس کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ

پیکرا کی جانب سے AA قرار شدہ

## نوٹس برائے 61 واں سالانہ اجلاس عام

ذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ دی یونائیٹڈ انشورنس کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ کا 61 واں سالانہ اجلاس عام بروز جمعہ مورخہ 30 اپریل 2021 کو صبح 10:00 بجے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع روم نمبر 204، دوسری منزل، مدینہ سٹی مال، عبداللہ ہارون روڈ صدر کراچی پر بذریعہ ویڈیو لنک مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد کیا جائیگا۔

عمومی امور

1) کمپنی کے 60 ویں سالانہ اجلاس عام منعقدہ 24 اپریل 2020ء کی کارروائیوں کی توثیق۔
2) 31 دسمبر 2020ء کو ختم ہونے والے سال کیلئے کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ حسابات بمعہ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، غور و خوض اور منظوری۔
3) بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے تجویز کردہ عبوری منافع منقسمہ بحساب مبلغ -/0.60 روپے فی شیئر یعنی 6 فیصد کی ادائیگی کی منظوری (جو ادا کیا جا چکا ہے)۔
4) مورخہ 31 دسمبر 2021 کو ختم ہونے والے سال کی آڈیٹرز کی تقرری اور مشاہرہ کا تعین، موجودہ آڈیٹرز میسرز الیاس سعید اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس نے سبکدوش ہونے کے بعد اہل ہونے کی بناء پر خود کو دوبارہ تقرری کیلئے پیش کیا ہے۔
5) کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017 کی دفعہ 159(1) کی شقوں کے مطابق بورڈ کی جانب سے مقرر کردہ تین سالہ مدت کیلئے کمپنی کے سات ڈائریکٹرز کا انتخاب کرنا۔ سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹرز کے نام درج ذیل ہیں۔

(i) جناب جاوید صادق — (ii) جناب خواص خان نیازی
(iii) جناب محمد راحت صادق — (iv) محترمہ ہما وحید
(v) جناب آغا علی امام — (vi) جناب جمیل احمد خان
(vii) جناب سید راحت علی شاہ

خصوصی امور

6(a) مورخہ 31 دسمبر 2020ء کو ختم ہونے والے سال کیلئے متعلقہ فریقوں کے ساتھ کئے جانے والے لین دین کے معاملات کی توثیق اور منظوری کیلئے مندرجہ ذیل خصوصی قرارداد کی ترمیم یا بلا ترمیم اجازت دینا۔
قرار پایا کہ 31 دسمبر 2020 کو ختم ہونے والے سال کے دوران متعلقہ فریقوں کے ساتھ روایتی اور دیگر امور بمطابق نوٹ 31 اور 36 کے مطابق توثیق، تصدیق اور منظوری دینا۔
6(b) کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو یہ اختیار دیا جاتا ہے کہ مورخہ 31 دسمبر 2021 کو ختم ہونے والے مالی سال کیلئے متعلقہ فریقوں کے ساتھ لین دین کی انجام دہی کی منظوری کیلئے مندرجہ ذیل خصوصی قرارداد کی ترمیم یا بلا ترمیم اجازت دینا۔
قرار پایا کہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو اختیار دیا جاتا ہے کہ مورخہ 31 دسمبر 2021 کو ختم ہونے والے مالیاتی سال کیلئے متعلقہ فریقوں کے ساتھ ہر معاملے کی تحت لین دین کی انجام دہی کی منظوری دینا۔
7) ڈائریکٹرز کی جانب سے تجویز کردہ کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017 کی دفعہ 199 کے تحت مندرجہ ذیل خصوصی قرارداد کی ترمیم یا بلا ترمیم، اضافہ، تخفیف، غور و خوض اور اگر موزوں ہو تو منظوری۔
قرار پایا کہ کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017 (ایکٹ) کی دفعہ 199 کے تقاضوں کی تعمیل میں دی یونائیٹڈ انشورنس کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ کو بذریعہ ہذا اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی ضروریات کی تکمیل کیلئے مبلغ -/500,000,000 روپے (صرف پانچ سو ملین) تک اپنا مائیکرو فنانس بینک لمیٹڈ کے موجودہ شیئرز ڈپازٹ منی اسب آرڈینیٹڈ لون کی فراہمی (ریگولیٹری کی منظوری سے مشروط) کا اختیار دیا جاتا ہے۔
مزید قرار پایا کہ مذکورہ خصوصی قرارداد کو موثر بنانے کے مقصد کیلئے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور چیف فنانشل آفیسر کو تمام امور اور مطلوبہ اقدامات، اعمال بشمول دستاویزات اور معاہدے کی تکمیل مذکورہ قرارداد کی نفاذ کے مقصد کیلئے مشترکہ طور پر انجام دہی کیلئے بذریعہ ہذا استحقاق اور اختیار دیا جاتا ہے۔
8) کمپنی کے مجوزہ سرمایہ میں اضافے اور اس مقصد کیلئے منظور کردہ مندرجہ ذیل قرارداد بطور خصوصی قراردادوں پر غور و خوض اور اگر موزوں ہو تو منظوری۔
الف) قرار پایا کہ کمپنی کے منظور شدہ سرمایہ مبلغ -/3,000,000,000 روپے (تین بلین روپے) منقسمہ 300,000,000 (تین سو ملین) عمومی شیئرز بحساب مبلغ -/10 روپے فی حصص تا مبلغ 4,000,000,000 (چار بلین روپے) منقسمہ -/400,000,000 (چار سو ملین) عمومی شیئرز بحساب مبلغ -/10 روپے فی حصص میں اضافہ۔
ب) مزید قرار پایا کہ خصوصی قرارداد کے ذریعے کمپنی کے مجوزہ سرمایہ میں اضافے کے سلسلے میں میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی شق 5 اور کمپنی آرٹیکل آف ایسوسی ایشن کے آرٹیکل 6 کے تحت تبدیلی کو حسب ذیل پڑھا جائے۔
میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی شق 5
"کمپنی کا سرمایہ مبلغ -/4,000,000,000 روپے (صرف چار بلین روپے) منقسمہ 400,000,000 (چار سو ملین) عمومی شیئرز بحساب -/10 روپے فی شیئر بمع کی، زیادتی، مستحکم یا کمپنی آرڈیننس 1984 کی شرائط کے تحت کمپنی کے شیئرز سرمایہ کی بصورت دیگر تنظیم نو"
آرٹیکل آف ایسوسی ایشن کا آرٹیکل 6
"کمپنی کا سرمایہ مبلغ 4000,000,000 روپے (صرف چار بلین روپے) منقسمہ 400,000,000 (چار سو ملین) عمومی شیئرز بحساب -/10 روپے فی شیئر بمع کی، زیادتی، مستحکم یا کمپنی آرڈیننس 1984 کی شرائط کے تحت کمپنی کے شیئرز سرمایہ کی بصورت دیگر تنظیم نو"
ج) مزید قرار پایا کہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور سیکریٹری کو بذریعہ ہذا اختیار دیا جاتا ہے کہ ضروری اقدامات کی انجام دہی اور ضروریات کے تحت دستاویزات کی تعمیل یا مذکورہ قراردادوں کو حقیقی معنوں میں موثر العمل کیا جائے۔
9) ایگزیکٹو ڈائریکٹرز (بشمول چیف ایگزیکٹو آفیسر) کے معاوضے اور نان ایگزیکٹو/ انڈیپینڈنٹ ڈائریکٹرز کی بورڈ اور اسکے کمپنی کے اجلاسوں میں شرکت کی فیس پر غور و خوض اور منظوری۔
قرار پایا کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر، ایگزیکٹو ڈائریکٹرز کو معقول معاوضہ اور دیگر مراعات کی ادائیگی کی منظوری دی جاتی ہے اور نان ایگزیکٹو/ انڈیپینڈنٹ ڈائریکٹرز کو بشمول بورڈنگ، لاجنگ اور سفری اخراجات کی مد میں فیس کی ادائیگی کمپنی پالیسی کی بنیاد پر ادا کی جائیگی۔
10) چیئرمین کی اجازت سے پیش کردہ کسی دیگر کارروائی کی انجام دہی۔

کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017 کی دفعہ 134(3) اور 166(3) کے تحت ٹھوس شواہد پر مبنی بیانیہ بحوالہ خصوصی قرارداد شامل کردہ ایجنڈا آئٹم نمبر 6، 7، 8 اور 9 اجلاس کے نوٹس ہذا کے ساتھ منسلک ہے۔

بحکم بورڈ
اطہر اے خان
(کمپنی سیکریٹری)

کراچی:
مورخہ 8 اپریل 2021

نوٹس

سالانہ اجلاس میں شرکت کیلئے ویڈیو لنک کی سہولت

ایس ای سی پی کے سرکلر نمبر 4 اور 6 سال 2021 کی تعمیل میں کاروباری سیکٹر کیلئے COVID-19 کے اثرات کو کم کرنے کیلئے انضباطی ریلیف کیلئے کمپنی کو شیئر ہولڈرز کی فلاح و بہبود کیلئے سالانہ اجلاس عام کی منصوبہ بندی میں ترمیم اور بڑے اجتماعات سے اجتناب کیلئے ویڈیو لنک سہولت فراہم کرنے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔

حکومت کی جانب سے عوامی اجتماعات پر عائد پابندی اور SECP کی ہدایت کو مد نظر رکھتے ہوئے کمپنی اس سالانہ اجلاس عام کو عملی طور پر کمپنی کے رجسٹرڈ آفس سے حاصل کردہ ویڈیو لنک سہولت کے ذریعے طلب کریگی۔ سالانہ اجلاس عام میں بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کیلئے ممبران کو اپنی تفصیلات athar.khan@theunitedinsurance.com پر ای میل کر کے اپنا اندراج کرانا ضروری ہے۔ رجسٹر ہونے والے ممبران ویڈیو لنک سہولت کے ذریعے رابطہ قائم کرنے کیلئے اپنا پورا نام، CNIC نمبر فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر جو تصدیق شدہ ای میل ایڈریس، موبائل نمبر اور حاصل شیئرز کی تعداد بعنوان "رجسٹریشن برائے UIC's اے جی ایم" لازمی درج کریں۔ ویڈیو لنک سہولت اور لاگ ان اسناد صرف ان ممبران کے ساتھ شیئر کی جائیں گی جن کی ای میل بشمول تمام تر ضروری تفصیلات مذکورہ بالا ای میل ایڈریس پر بروز پیر مورخہ 26 اپریل 2021 بوقت شام 5:00 بجے تک موصول ہو جائیں گی۔

شیئرز ٹرانسفر بکس کی بندش

کمپنی کے ممبران کا رجسٹر اور شیئرز ٹرانسفر بکس مورخہ 23 اپریل 2021 تا 30 اپریل 2021 (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گے۔ کمپنی کے رجسٹرار میسرز ایف ڈی رجسٹرار سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ دفتر نمبر 1705، 17 ویں منزل صائمہ ٹریڈ ٹاور-A، آئی آئی چندریگر کراچی کو مورخہ 22 اپریل 2021 بروز جمعرات کاروباری اوقات کار کے اختتام (شام 5 بجے) تک سے قبل موصول ہونے والی منتقلیاں اجلاس میں شرکت اور رائے دہی کی اہلیت کے تعین کیلئے بروقت تصور کی جائیں گی۔

سالانہ اجلاس عام میں شرکت

اجلاس میں رائے دہی اور شرکت کرنے کا اہل ممبر کسی دیگر ممبر کو رائے دہی اور شرکت کیلئے اپنا پراکسی مقرر کر سکتا ہے۔ پراکسی اجلاس کے آغاز سے (48) گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں موصول ہو جائے۔ خالی پراکسی فارم رپورٹ کے اختتام میں منسلک ہے اور کمپنی کی ویب سائٹ www.theunitedinsurance.com پر ڈاؤن لوڈنگ کیلئے بھی دستیاب ہے۔

CDC اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی مندرجہ ذیل ہدایات کی بھی پیروی کرنی ہوگی۔

الف۔ برائے شرکت
الف) انفرادی اکاؤنٹ اور ذیلی اکاؤنٹ ہولڈرز اور جن کی رجسٹریشن تفصیلات CDC کے ضوابط کے مطابق لوڈ ہوں۔ وہ اپنی شناخت کیلئے اپنے CNIC یا پاسپورٹ کی ایک کاپی لازمی فراہم کریں۔
ب) کاروباری ادارے اپنی متعلقہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد کی ایک مصدقہ نقل یا اجلاس میں شرکت کیلئے پاور آف اٹارنی بشمول وکیل کے دستخط کے نمونے لازمی فراہم کریں۔

ب۔ برائے پراکسی تقرری
الف) انفرادی اکاؤنٹ اور ذیلی اکاؤنٹ ہولڈرز اور جن کی رجسٹریشن تفصیلات CDC کے ضوابط اپ لوڈ ہوں اور ان کا پراکسی فارم اجلاس کے آغاز کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس پر لازمی جمع کرا دیں۔
ب) پراکسی فارم لازمی طور پر دو افراد، یا ایک فرد اور دو خواتین کے ذریعے لازمی تصدیق شدہ ہوں جن کے نام، پتے اور CNIC نمبر اپنے دستخط کے نیچے درج ہوں۔
ج) ممبران کی CNIC یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپی اور پراکسی لازمی طور پر پراکسی فارم کیساتھ جمع کرائی جائے۔

غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈ / شیئرز

کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017 کی دفعہ 244 کی تعمیل میں کمپنی کی جانب سے جاری کردہ شیئرز یا اعلان کردہ ڈیویڈنڈ جو اپنی واجب الادا تاریخ سے تین سال کی مدت سے غیر دعویٰ شدہ یا غیر ادا شدہ ہیں۔ ان حصص یافتگان کو اپنا دعویٰ دائر کرنے کے بعد نوٹس کے اجراء کے بعد وفاقی حکومت کو کمیشن کے ساتھ جمع کرانا ضروری ہے۔ کمپنی کے جاری کردہ شیئرز اور ڈیویڈنڈ کی تفصیلات جو تین سال سے زائد عرصے سے واجب الادا ہیں وہ حصص یافتگان کو ارسال کردی گئی ہیں۔ حصص یافتگان سے درخواست ہے کہ وہ اپنے غیر دعویٰ شدہ منافع کے دعووں اور شیئرز کے بروقت اندراج کو یقینی بنائیں۔ کمپنی کے پاس مقررہ وقت پر دعویٰ کی عدم موصولی کی صورت میں، کمپنی اخباری نوٹس کی اشاعت کے بعد غیر ادا شدہ / غیر دعویٰ شدہ رقم کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017 کی دفعہ 244(2) کے تحت وفاقی حکومت کے پاس جمع کرا دیگی۔

پتہ میں تبدیلی (اگر ہو تو)

حصص یافتگان سے استدعا ہے کہ پتہ میں کسی بھی قسم کی تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر کمپنی کے شیئرز رجسٹرار کو مندرجہ پتہ پر مطلع کریں۔ میسرز ایف ڈی رجسٹرار سروس (پرائیویٹ) لمیٹڈ۔ آفس نمبر 1705، 17 ویں منزل صائمہ ٹریڈ ٹاور-A، آئی آئی چندریگر روڈ کراچی۔ 74000

فزیکل شیئرز کی سی ڈی سی اکاؤنٹ میں ادائیگی

کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017 کی دفعہ 72 کے تحت ہر موجودہ لسٹڈ کمپنی اس بات کی پابند ہے کہ کمیشن کی جانب سے مخصوص کردہ تاریخ اور ایسی مدت جو کہ ایکٹ کے آغاز سے چار سال سے زائد نہ ہو یعنی 31 مئی 2017ء اپنے تمام فزیکل شیئرز کو بک انٹری کے ساتھ تبدیل کرے۔ فزیکل حصص یافتگی رکھنے والے حصص یافتگان کو سی ڈی سی کے ذریعہ کسی بھی بروکر یا انویسٹر اکاؤنٹ کے ساتھ براہ راست سی ڈی سی ذیلی اکاؤنٹ کھولنے کا مشورہ دیا جاتا ہے تاکہ وہ اپنے فزیکل شیئرز کو اسکرپٹ لیس شکل میں رکھیں۔ اس سے انہیں کئی طرح کی سہولیات ملیں گی جس میں محفوظ تحویل اور حصص کی فروخت شامل ہیں۔ جب بھی وہ چاہیں پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے موجودہ قواعد و ضوابط کے مطابق فزیکل شیئرز کی تجارت کی اجازت نہیں ہے۔

سالانہ مالیاتی گوشواروں کی بذریعہ ای میل ترسیل

سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے اپنے نوٹیفکیشن بحوالہ ایس آر او نمبر 787(1) سال 2014 تاریخ 8 ستمبر 2014 میں کمپنیوں کو ای میل کے ذریعے اپنے ممبران کو سالانہ اجلاس عام کا نوٹس بشمول آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے ترسیل کرنے کی اجازت دیدی ہے جس کے مطابق ممبران سے استدعا ہے کہ وہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں اور بذریعہ ای میل نوٹس کی حصولی کیلئے اپنی رضامندی اور ای میل ایڈریس فراہم کردیں۔ اس سہولت سے فائدہ اٹھانے کیلئے کمپنی کی ویب سائٹ www.theunitedinsurance.com پر دستیاب اسٹینڈرڈ درخواست فارم پر کر کے اپنا / اپنی شناختی کارڈ کی کاپی / پاسپورٹ کے ساتھ کمپنی کے شیئرز رجسٹرار کو ارسال کردیں۔
براہ کرم نوٹ کرلیں کہ ڈاک کے ذریعے سالانہ مالیاتی گوشوارے وصول کرنے کے بجائے ای میل ایڈریس دینا اختیاری ہے۔ اگر آپ اس سہولت سے فائدہ نہیں اٹھانا چاہتے تو براہ کرم اس نوٹس کو نظر انداز کردیں۔

سالانہ اکاؤنٹس کی ویب سائٹ پر دستیابی

ایس ای سی پی کے نوٹیفکیشن (ایس آر او 1196(1) سال 2019) بتاریخ 3 اکتوبر 2019 کی تعمیل میں کمپنی کے مالیاتی حسابات کمپنی کی ویب سائٹ www.theunitedinsurance.com پر دستیاب ہیں۔

بینیفیشل اونرز کی تفصیلات

کاروباری اداروں / قانونی مجاز افراد کی توجہ SECP کے سرکلرز نمبر 16 اور 20 سال 2018 کی جانب سے مذکورہ کی جاتی ہے متعلقہ شیئر ہولڈرز (کاروباری ادارے / قانونی مجاز افراد) کو صلاح دی جاتی ہے کہ حتمی بینیفیشل ملکیت سے متعلقہ معلومات اور / یا SECP سرکلرز میں مطلوبہ دیگر معلومات کمپنی کے شیئرز رجسٹرار کو فراہم کردیں۔

**کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017 کی دفعہ 166(3) کے تحت ڈائریکٹرز کے انتخاب کے سلسلے میں بیانیہ**

وہ ممبر جو ڈائریکٹر کے عہدے پر انتخاب میں حصہ لینے کا خواہشمند ہے چاہے وہ سبکدوش ہونے والا ڈائریکٹر ہے یا دیگر، کمپنی کے پاس اسکے رجسٹرڈ آفس پر مندرجہ بالا اجلاس کی تاریخ سے 14 روز قبل حسب ذیل قرار جمع کرادے۔

- ☆ کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017 کی دفعہ 159(3) کے تحت ڈائریکٹرز کے انتخاب کیلئے خود کو پیش کرنے کے ارادے کا نوٹس؛
- ☆ کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017 کی دفعہ 167(1) کے تحت مطلوبہ امیدوار کے فارم 28 کو مکمل اور دستخط شدہ بطور ڈائریکٹر کام کرنے کی رضامندی؛
- ☆ ایس آر او 2012/(I)25 بتاریخ 16 جنوری 2012 کے تحت انتخاب کی تاریخ سے سات یوم قبل کمپنی کی ویب سائٹ پر آویزاں کرنے کیلئے تفصیلی پروفائل بمع دفتر کا پتہ؛
- ☆ دستخط شدہ ڈکلریشن برائے اطلاق کردہ کمپنیز ایکٹ مجریہ میمورنڈم اینڈ آرٹیکل آف ایسوسی ایشن برائے کمپنی لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشن 2019 اور دیگر متعلقہ قانون و ضوابط اور فرائض سے بخوبی واقف ہے؛
- ☆ دستخط شدہ ڈکلریشن برائے اطلاق کردہ کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017 کے اہلیت کے معیار پر پورا اترتا ہے اور لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشن 2019 کے تحت لسٹڈ کمپنی کے ڈائریکٹر / انڈیپینڈنٹ ڈائریکٹر کی حیثیت سے مقرر کیا جائیگا؛
- ☆ کارآمد CNIC / پاسپورٹ اور NTN کی مصدقہ کاپی؛ اور
- ☆ آزاد ڈائریکٹرز کا انتخاب بذریعہ ڈائریکٹر کے انتخاب کے طریقہ کار بمطابق کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017 کی دفعہ 159 کے تحت کیا جائیگا اور وہ کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017 کی دفعہ 166(2) میں مندرجہ اہلیت کے معیار پر پورا اترتا ہے۔

**کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017 کی دفعہ 134(3) کے تحت ٹھوس شواہد کے سلسلے میں بیانیہ**

خصوصی امور سے متعلقہ ٹھوس شواہد پر مبنی بیانیہ کارروائی کی انجام دہی کیلئے کمپنی کا سالانہ اجلاس عام مورخہ 30 اپریل 2021 کو منعقد کیا جائیگا۔ کمپنی کے ممبران کی منظوری حسب ذیل کیلئے طلب کی جائے گی۔

آئٹم نمبر 6(a) متعلقہ فریقوں سے لین دین

متعلقہ کمپنیوں (متعلقہ فریقوں) کیساتھ معمول کے کاروبار کے مطابق ہونے والے لین دین کو بورڈ کی جانب سے اجازت دی جاری ہے جیسا کہ لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019 کی شق 15 کے تحت سہ ماہی کی بنیاد پر آڈٹ کمیٹی نے سفارش کی تھی۔
متعلقہ کمپنیوں کیساتھ 31 دسمبر 2020 کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران ہونے والی لین دین کو آڈٹ شدہ مالیاتی بیانات کے متعلقہ توثیق اور منظوری ہو سکے۔ ڈائریکٹرز صرف اس طرح کی پارٹیوں میں اپنے مشترکہ ہدایت کاروں کی حد تک قرارداد میں دلچسپی نہیں ہے۔

آئٹم نمبر 6(b) بورڈ آف ڈائریکٹرز کو 31 دسمبر 2021 کو ختم ہونے والے سال کے دوران پارٹی سے متعلقہ لین دین کی منظوری کے لئے اجازت

کمپنی عام طور پر کاروبار میں "متعلقہ فریقوں کے ساتھ لین دین" کے سلسلے میں منظور شدہ پالیسی کے مطابق 31 دسمبر 2021 کو ختم ہونے والے سال کے دوران اپنی متعلقہ فریقوں کے ساتھ لین دین کرے گی۔ ڈائریکٹروں کی اکثریت ہولڈنگ / اس سے وابستہ کمپنیوں میں مشترکہ ڈائریکٹرشپ کی وجہ سے ان لین دین میں دلچسپی لیتی ہے۔ شفاف کاروباری طریقوں کو فروغ دینے کے لئے، حصص یافتگان 31 دسمبر 2021 کو ختم ہونے والے سال کے لئے وقتاً فوقتاً متعلقہ فریقوں کے ساتھ وقتاً فوقتاً معاملات کی منظوری کے لئے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو اختیار دینے کی خواہش کرتے ہیں، شیئر ہولڈرز کے ذریعہ منظوری دی جائے۔ پارٹی سے متعلق اس طرح کے لین دین کی نوعیت اور گنجائش اوپر بیان کی گئی ہے۔ یہ لین دین حصول داروں کے سامنے ان کی باضابطہ منظوری / توثیق کے لئے اگلے اے جی ایم میں رکھے جائیں گے۔
ڈائریکٹرز صرف اس طرح کی پارٹیوں میں اپنے مشترکہ ہدایت کاروں کی حد تک قرارداد میں دلچسپی نہیں ہے۔

آئٹم نمبر 7: اپنا مائیکرو فنانس بینک لمیٹڈ میں ایکویٹی سرمایہ کاری

کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017 کی دفعہ 134 کی ذیلی دفعہ 3 کی تعمیل میں کمپنی کی جانب سے اعلان کردہ مندرجہ ذیل معلومات کا بیانیہ نوٹس کے ساتھ منسلک ہے۔ جس میں ایکٹ کی دفعہ 199 کے تحت سرمایہ کاری کے فیصلے پر غور و خوض کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔

ریگولیشن نمبر 3(1) (a) تمام اقسام کی سرمایہ کاری کا اعلامیہ منسلکہ کمپنی کی ضمن میں اعلامیہ
منسلکہ کمپنی یا منسلکہ اقرار نامے کے بیان میں

| | | |
|---|---|---|
| i. | منسلکہ کمپنی کا نام | اپنا مائیکرو فنانس بینک لمیٹڈ |
| ii. | تعلقات کی بنیاد | منسلکہ کمپنی |
| iii. | آمدنی / (خسارہ) فی شیئر برائے گزشتہ تین سال | مختتمہ سال دسمبر 2018 (0.21)<br>مختتمہ سال دسمبر 2019 (0.17)<br>مختتمہ سال دسمبر 2020 (0.11) |
| iv. | بریک اپ قدر فی شیئر تازہ ترین مالیاتی گوشواروں پر مبنی | بریک اپ قدر فی شیئر تازہ ترین مالیاتی گوشواروں بمطابق 31 دسمبر 2020 کے تحت 10 روپے ہے |
| v. | مالیاتی پوزیشن بشمول تازہ ترین مالی گوشواروں کی بنیاد پر مالی حیثیت اور منافع اور خسارہ کے اکاؤنٹ کا اہم آئٹم | مورخہ 31 دسمبر 2020 کو ختم ہونے والے سال کے مالیاتی گوشواروں کے مطابق<br>کل اثاثے 28831 ملین<br>کل واجبات 26,572 ملین<br>کل ریونیو 3,418.310 ملین<br>منافع بعد از ٹیکس 37.219 ملین |
| vi. | متعلقہ کمپنی کے منصوبے کے سلسلے میں سرمایہ کاری کی صورت میں یا متعلقہ اقرار نامہ جس کے تحت کارروائی کا آغاز نہیں ہوا کی مندرجہ ذیل مزید معلومات بنام | ناقابل اطلاق |
| | (i)۔ منصوبے کی تفصیل اور اس کے آغاز کی تاریخ | ناقابل اطلاق |
| | (ii)۔ تاریخ آغاز اور کام کی تکمیل کی متوقع تاریخ | ناقابل اطلاق |
| | (iii)۔ وہ وقت جب ایسے منصوبہ کا تجارتی طور پر عملدر آمد کیا جائیگا | ناقابل اطلاق |
| | (iv)۔ متوقع وقت جب منصوبے پر سرمایہ کاری سے منافع حاصل ہوگا | ناقابل اطلاق |
| | (v)۔ سرمایہ کار شدہ فنڈز یا پروموٹرز کی جانب سے لگایا جانے والا سرمایہ / اسپانسر منسلکہ کمپنی یا اس سے منسلک اقرار نامہ جس میں نقد اور غیر نقد رقم کے درمیان فرق کیا گیا ہو۔ | ناقابل اطلاق |
| | B۔ عمومی اعلامیہ | |
| (i) | زیادہ سے زیادہ سرمایہ کاری کی جانے والی رقم | مبلغ 500 ملین روپے (صرف پانچ سو ملین روپے) |
| (ii) | مقاصد، فوائد جو سرمایہ کار کمپنی اور اس کے ممبران کو اس طرح کی سرمایہ کاری اور سرمایہ کاری کی مدت سے حاصل ہوں | اس طویل مدتی حکمت عملی کے تحت سرمایہ کاری سے آمدنی اور مستقبل میں ممکنہ سرمایہ کو فائدہ ہوگا |
| (iii) | سرمایہ کاری کیلئے استعمال ہونے والے فنڈز کے ذرائع اور جہاں ادھار فنڈز کے ذریعے سرمایہ کاری کا ارادہ ہو<br>(i)۔ قرض کے ذریعے سرمایہ کاری کا جواز<br>(ii)۔ ضمانت کی تفصیل فراہم کردہ گارنٹی اور ایسے فنڈز کی حصولی کیلئے گروی شدہ اثاثہ<br>(iii)۔ لاگت کے فوائد کا تجزیہ | قابل اطلاق نہیں کیونکہ سرمایہ کاری کمپنی کے اپنے فنڈز سے کی جائے گی |
| (iv) | معاہدے کی نمایاں خصوصیات اگر ہوں تو منسلکہ کمپنی یا منسلکہ اقرار نامہ کی ضمن میں مجوزہ سرمایہ کاری | قابل اطلاق نہیں کیونکہ حصص وقتاً فوقتاً خریدے جائیں گے |
| (v) | ڈائریکٹرز / اسپانسرز / اکثریتی حصص یافتگان اور ان کے رشتہ داروں منسلکہ کمپنی یا منسلکہ اقرار نامہ یا زیر غور لین دین کے تحت کی بلاواسطہ یا بالواسطہ دلچسپی اگر ہو تو | کوئی بھی ڈائریکٹر بشمول چیف ایگزیکٹو سرمایہ کاری میں مفاد نہیں رکھتا |
| (vi) | منسلکہ کمپنی یا منسلکہ اقرار نامہ کے تحت اگر پہلے ہی سرمایہ کاری کی جا چکی ہو تو ایسی سرمایہ کاری کی کارکردگی کا جائزہ بشمول مکمل معلومات / جواز برائے کسی نقصان یا تنسیخ | دی یونائیٹڈ انشورنس کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ اپنا مائیکرو فنانس بینک کی منسلکہ کمپنی ہے اور اسکی اپنا مائیکرو فنانس بینک میں ہولڈنگ 44.50% شیئرز ہیں۔ اپنا بینک نے ماضی کے خسارے کو ریکور کرلیا ہے اس نے 2019 میں 53.525 ملین کا منافع کمایا گیا جب کے 2020 میں اس کا منافع 37.219 ملین ہے۔ |
| | (b)۔ ایکویٹی سرمایہ کاری کی ضمن میں اضافی اعلامیہ | |
| (i) | زیادہ سے زیادہ نرخ جس پر سیکیورٹیز حاصل کی جائیں | اسٹاک کی مناسب قیمت |
| (ii) | اگر خریداری کی قیمت محدود سیکیورٹیز کی صورت میں مارکیٹ ویلیو سے زائد ہے اور غیر فہرست سیکیورٹیز کی صورت میں مناسب قیمت ہے تو اس کا جواز | فی حصص قیمت پر حصص خریدے جائیں گے |
| (iii) | زیادہ سے زیادہ سیکیورٹیز کی حاصل کردہ تعداد | سرمایہ کاری کی رقم کے مساوی |
| (iv) | مجوزہ سرمایہ کاری سے پہلے اور بعد از سیکیورٹیز کی تعداد اور شرح فیصد | اپنا مائیکرو فنانس بینک میں دی یونائیٹڈ انشورنس کمپنی کا موجودہ شیئر 44.50% ہے اور مستقبل میں بھی اسی تناسب کو 47.50% تک برقرار رکھا جائے گا۔ |
| (v) | موجودہ اور گزشتہ بارہ ہفتوں کے وزن میں اوسط مارکیٹ قیمت جہاں درج سیکیورٹیز میں سرمایہ کاری کی پیشکش کی ہو | مورخہ 25 مارچ 2021 تک مبلغ 23.79 فی شیئر مارکیٹ ریٹ مورخہ 25 مارچ 2021 سے اگلے 12 ہفتوں کا مجموعی اوسط ریٹ مبلغ 22.21 فی شیئر |
| (iv) | غیر فہرست سیکیورٹیز میں سرمایہ کاری کیلئے ضمنی ضابطہ 1 ریگولیشن 5 کی شرائط میں مقرر کردہ مناسب قیمت | ناقابل اطلاق |
| (iiv) | ممبران کیلئے لین دین کو سمجھنے کے لیے دیگر ضروری معلومات | شیئرز ڈپازٹ منی سود سے پاک ہوگی اور بینک عمومی حصص کے اجراء کے لیے استعمال کرے گا اور یہ ناقابل واپسی ہوگی مزید یہ کہ سرمایہ کی وافر مقدار کی ضرورت کو پورا کرنے کے لیے بینک میں ڈالی جارہی ہے۔ اور اسٹیٹ بینک کے جاری کردہ مائیکرو فنانس بینکوں کے لیے قابل اطلاق ضوابط کے مطابق۔ |

آئٹم نمبر 8۔ منظور شدہ سرمایہ میں اضافہ

ادائیگی شدہ سرمایہ میں مزید اضافے کو پورا کرنے کے لئے، کمپنی کے مجاز حصص کیپٹل کو بڑھانے کی ضرورت ہے۔ اس کے مطابق، بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کمپنی کے مجاز حصص کیپٹل کو 3,000,000,000 (صرف تین ارب روپے) ہر ایک میں 300,000,000 (تین سو ملین) روپے میں عام حصص 10 روپے سے بڑھا کر 4,000,000,000 (صرف چار ارب روپے) ہر ایک میں 400,000,000 (چار سو ملین) عام حصص میں 10 روپے تقسیم کرنے کی سفارش کی ہے۔
کمپنی کے مجاز حصص کیپٹل میں مجوزہ اضافے سے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی شق 5 اور کمپنی کے آرٹیکل آف ایسوسی ایشن کے آرٹیکل 6 میں بھی ترمیم کی ضرورت ہوگی۔
لہٰذا بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کمپنی کے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن اور کمپنی کے آرٹیکل آف ایسوسی ایشن میں بھی ردوبدل کی سفارش کی ہے تاکہ کمپنی کے مجاز حصص کیپٹل میں اضافے کی عکاسی کی جاسکے۔

آئٹم نمبر 9 ڈائریکٹرز کا معاوضہ

چیف ایگزیکٹو آفیسر / ایگزیکٹو ڈائریکٹرز کے معاوضے، مراعات اور دیگر معاون فوائد کیلئے اور نان ایگزیکٹو / انڈیپینڈنٹ ڈائریکٹرز کی فیس بشمول بورڈنگ لاجنگ اور سفری اخراجات کی حقیقی بنیاد پر کمپنی کی پالیسی کے تحت ادائیگی کیلئے ایوان کی منظوری درکار ہوگی۔